QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 144

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ:15 دسمبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 16 دسمبر (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv کرانی، ہزارہ ٹاون، سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، سمنگلی ایکسپریس، انڈسٹریل اور سرکی روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی نیز اسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، داریم، خروٹ آباد، دوستین فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے شہباز ٹاون، عالم خان، نواں کلی اور مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے جبکہ انڈسٹریل گرڈ کے سریاب مل، واسا، ایف جی ایس، شموزئی، شاہنواز، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈرز سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 17 دسمبر کو (بروز بدھ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ روڈ، تکاتو، ادیان، چشمہ، عمر، واسا فیڈر جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے جناح ٹاون، ملک پلانٹ، شہباز ٹاون، جی او آر کالونی فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے نیز اُسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 16 دسمبر (بروز منگل) جھل مگسی اور اسپلنجی گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک جبکہ 17 دسمبر کو 132Kv زیارت اور بھاگ گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دن 12 بجے تک جبکہ دالبندین اور چاغی گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔